
ASKAssure

LIFE

Zaroori Hai




# ایجوکیشن اینڈ میرج پلان

قیمتوں میں دن بہ دن تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ ایسی صورتِ حال میں یہ تصور کرنا انتہائی مشکل ہے کہ آپ اپنے بچوں کی اعلیٰ تعلیم اور ان کی شادیوں کے اخراجات کو کسی طرح سے پورا کریں۔ ای ایف یو لائف پیش کرتا ہے چائلڈ ایجوکیشن اور میرج پلان جو آپ کے بچوں کے مستقبل کو مالی اعتبار سے محفوظ بناتا ہے۔ یہ ایک ایسا مناسب پلان ہے جو آپ کے بچے کی کالج اور جامعہ کی فیس، ان کی شادی کے اخراجات اور مخصوص ضروریات کو پورا کرنے کے لئے انتہائی مناسب طریقے سے وقتِ مقررہ پر فنڈز فراہم کرتا ہے

یہ پلان آپ کو صرف بچت کے اعلیٰ اصولوں سے ہی آگاہ نہیں کرتا بلکہ آپ کو مخصوص ضروریات کے مطابق مختلف اختیارات میں سے انتخاب کی لچک اور تحفظِ زندگی کی ضمانت بھی فراہم کرتا ہے۔

## یونٹ ایکومولیشن اینڈ انویسٹمنٹ فنڈ:

اس پلان کے تحت جمع شدہ ہر پریمیم کو صارف کے انتخاب کے مطابق ای ایف یو لائف انٹرنل انویسٹمنٹ فنڈ میں لگایا جاتا ہے۔ اس رقم کو مروّجہ آفر پرائس پر فنڈ کے یونٹس خریدنے کیلئے استعمال میں لایا جاتا ہے۔ اس کا مقصد سرمایہ کی پیداوار کو ایک پُر وسعت متوازن تجارتی پورٹ فولیو میں سرمایہ کاری کر کے زیادہ سے زیادہ بڑھانا ہے۔ اس فنڈ کی نگرانی سرمایہ کاری کر کے زیادہ سے زیادہ بڑھانا ہے۔ اس فنڈ کی نگرانی سرمایہ کاری کے مواقع کی روشنی میں بنیادی سرمایہ کاریوں کی آمیزش کو ترتیب دیتے ہیں۔

## فنڈ کے انتخاب کی سہولت:

پالیسی ہولڈر کو کہ سہولت حاصل ہے کہ وہ سرمایہ کاری کے مقاصد کی بنیاد پر اپنے رسک/ خدشات کو پیش نظر رکھتے ہوئے کسی ایک فنڈ کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ پالیسی ہولڈر درجِ ذیل تین یونٹ فنڈز میں سے کسی بھی ایک فنڈ کا انتخاب کر سکتے ہیں (شرائط لوگو ہوں گی)۔

- ای ایف یو مینجڈ گروتھ فنڈ
- ای ایف یو گارینٹیڈ گروتھ فنڈ
- ای ایف یو اعتماد گروتھ فنڈ

## پلان کی تکمیل پر ملنے والا بونس (میچورٹی بینیفٹ)

پلان کی تکمیل پر یہ منصوبہ جمع شدہ فنڈ کی قدر (رقم) فراہم کرتا ہے جو یکمشت لی جاسکتی ہے۔ اگر فنڈ کی فوری طور پر ضرورت نہ ہو تو یہ رقم ای ایف یو لائف کے پاس بڑھنے کیلئے زیادہ سے زیادہ مزید ایک سال کیلئے چھوڑی جاسکتی ہے، اس ایک سال کے اختتام پر ای ایف یو لائف جمع شدہ رقم اور سالانہ پریمیم کا 20 فیصد میچورٹی انویسٹمنٹ بونس کے طور پر ادا کرے گا۔
پلان کی تکمیل پر رقم دو، تین یا چار اقساط میں لی جاسکتی ہے۔

## وفات کی بعد جاری رہنے والا فائدہ:

بچت کی مدت کے دوران، خدانخواستہ بیمہ شدہ شخص (ماں یا باپ) کے انتقال کی صورت میں، خودساختہ مستقبل کیلئے جمع شدہ فنڈ کا فائدہ کنٹی نیوشن بینیفٹ یہ یقین دلاتا ہے کہ پلان کی تکمیل پر ہدف شدہ فنڈ حاصل ہو جائے، ای ایف یو لائف منصوبے میں حصے شامل کرنا جاری رکھے گی۔

## بلٹ ان انکم بینیفٹ:

خودساختہ انکم بینیفٹ کے تحت یہ پلان اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ پلان کی مدت کے دوران خدانخواستہ بیمہ شدہ شخص کے انتقال کی صورت میں سہ ماہی انکم اس کے اہلِ خانہ کو ملتی رہے۔ کسٹمر درج ذیل لیول سے کوئی ایک منتخب کرسکتا ہے:

- 7500 روپے سہ ماہی
- 12,000 روپے سہ ماہی
- 18,000 روپے سہ ماہی

ریگولر انکم کو بچے کی تعلیمی ضروریات اور تعلیم سے متعلق اخراجات میں استعمال کیا جاسکتا ہے اس کے علاوہ بچے کی منگنی یا شادی کے وقت یا خاندان کی کفالت کے لئے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔

## فنڈ ایکسیلریشن پریمیم:

یہ ریگولر پریمیم کا پلان ہے جو آپ کو اپنی بچت کو مزید بڑھانے کی لچک بھی مہیا کرتا ہے جسے آپ بچاتے ہوئے اضافی فنڈ حصوں کے طور پر منصوبے میں جمع کرا کے حاصل کر سکتے ہیں جسے ''فنڈ ایکسیلریشن پریمیم'' کہتے ہیں۔ یہ فنڈ پالیسی مدت کے دوران کسی بھی وقت جمع کرایا جاسکتا ہے۔
فنڈ ایکسیلریشن پریمیم کی ادائیگی کے لئے کم از کم پریمیم 18,000 روپے ہے۔

## ایلوکیشن فیصد:

یونٹس میں سرمایہ کاری کے لئے حصے کا تناسب پالیسی سال کے اعتبار سے مختلف ہوتا ہے جو درج ذیل ہے:

| پالیسی سال | ایلوکیشن کی شرح |
|---|---|
| 1 | 40 فیصد |
| 2 | 80 فیصد |
| 3 | 90 فیصد |
| 4 اور 5 | 100 فیصد |
| 6 سے 10 | 103 فیصد |
| 11 اور اس سے زیادہ | 105 فیصد |

## افراطِ زر سے تحفظ:

اس انتخاب کے تحت، بغیر کسی میڈیکل ثبوت کے، ہر سال پریمیم پچھلے سال کے اصل بنیادی پلان کے پریمیم کا 5 فیصد، اطلاق کردہ فوائد میں مناسب اضافے کے ساتھ 55 سال کی عمر تک بڑھ جائے گا۔

## بچت تک ہر وقت رسائی:

پلان کے تحت مجموعی بچت تک مکمل رسائی حاصل ہے دو سال کے پریمیم کی ادائیگی کے بعد فنڈ کو جزوی یا مکمل نکلوایا جاسکتا ہے۔ اس بات کا دھیان رہے کہ شروع کے سالوں میں رقم نکلوانا کیش ویلیوز پر اثر انداز ہوگا۔

## پریمیم کی حد:

سالانہ پریمیم کی ادائیگی کے لئے کم از کم 18,000 روپے ہے۔

## عمر کی حد اور مدت:

انفرادی طور پر اس پلان میں شامل ہونے کے لئے کم از کم عمر 18 اور زیادہ سے زیادہ 65 سال ہے۔ اس پلان میں بچت کی مدت کم از کم 10 سال اور زیادہ سے زیادہ 25 سال ہے۔ بچت کے لئے شرط اس طرح منتخب کی جائیگی کہ بیمہ کئے جانے والے فرد کی عمر پلان کے اختتام پر 75 سال سے زیادہ نہ ہو۔

## ایڈیشنل بینیفٹ رائڈرز:

اس پلان کو لوگوں کی ضرورت کے مطابق ڈھالنے کے لئے درج ذیل اضافی فائدے دستیاب ہیں جو پلان کے ساتھ منسلک کی جاتی ہیں:

- ☆ حادثاتی موت اور معذوری کی صورت میں فوائد ایکسیڈینٹل ڈیتھ اینڈ ڈسیبلٹی بینیفٹ
- ☆ پریمیم بینیفٹ میں چھوٹ ویور آف پریمیم

## فری لُک پریڈ:

پالیسی کے اجرا کی تاریخ سے 14 دن کے اندر اگر آپ اپنی پالیسی منسوخ کرتے ہیں، تو آپ کو میڈیکل ٹیسٹ کی مد میں ای ایف یو لائف کی جانب سے کئے جانے والے اخراجات کی کٹوتی کے بعد تمام پریمیم واپس کر دیا جائے گا۔

## چارجز:

پلان پر درج ذیل چارجز کا اطلاق ہوگا:

| | |
|---|---|
| انویسٹمنٹ مینجمنٹ چارجز: | فنڈ کی رقم 0.125 فیصد ماہانہ |
| بڈ آفر اسپریڈ: | مجموعی ریگولر کنٹری بیوشن کا 5 فیصد |
| انتظامی اخراجات: | 50 روپے ماہانہ |

## ڈسکلیمر:

- یہ پراڈکٹ ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ نے انڈر رائٹ کی ہے۔ عسکری بینک یا اس سے منسلک اداروں نے نہ ہی اس کی ضمانت دی ہے اور نہ ہی اس کی انشورنس کی ہے نیز یہ عسکری بینک کی پراڈکٹ نہیں ہے۔
- یہ پراڈکٹ ای ایف لائف کی پیش کردہ ہے، عسکری بینک اپنے قابلِ قدر صارفین کے لئے اس پر اڈکٹ کا تقسیم کار ہے۔
- فنڈ کی سابقہ کارکردگی ضروری نہیں کے مستقبل کی نشاندہی کرے، اسی طور پر کوئی بھی پیشن گوئی فنڈ کے ممکنہ یا مستقبل کی کارکردگی کے طور پر لینا ضروری نہیں ہے، نہ ای ایف یو لائف اور عسکری بینک اس کے لئے کوئی ذمہ داری قبول کرینگے۔
- منتخب کردہ فنڈ میں سرمایہ کاری میں کارکردگی کا رسک بیمہ دار کی ذمہ داری ہوگی۔
- ہمارا اسیلز نمائندہ آپ کو فوائد کی ایک (انفرادی) تشریح مہیا کرے گا، برائے مہربانی مختلف شرائط و ضوابط کو تفصیلی طور پر سمجھنے کے لئے تشریح میں دیے گئے نوٹس کو غور سے پڑھیئے۔
- بینک کے شیڈول آف چارجز یا متعلقہ اداروں کے مقرر کردہ ٹیکسز کے قوانین کے تحت سروس چارجز اور ٹیکس کا اطلاق ہوگا۔
- یہ معاہدہ کس طرح کام کرتا ہے، اسے پالیسی کے قواعد و شرائط میں بیان کیا گیا ہے، پراڈکٹ کا یہ بروشر (کتابچہ) اس کے خدوخال اور فوائد کا ایک عمومی جائزہ پیش کرتا ہے۔
- پالیسی سے متعلقہ کسی بھی قسم کی شکایت کی صورت میں آپ ای ایف یو لائف اشورنس میں (021-111-338-111) پر رابطہ کر سکتے ہیں۔
- پالیسی سے متعلق تمام کلیمز، چارجز اور ادائیگیاں صرف اور صرف ای ایف یو لائف کی ذمہ داری ہے۔


**EFU LIFE ASSURANCE LTD.**
EFU Life House: Plot No. 112, 8th East Street, Phase I,
DHA, Karachi, Pakistan.
Tel: (021) 111-EFU-111 (111-338-111) Fax: (021) 34537519
Website: www.efulife.com

**ASKARI BANK LIMITED**
AWT Plaza, The Mall, P.O. Box 1084, Rawalpindi.
Call Center: 0800-00078 Website: www.askaribank.com.pk